# آرتھرائٹس کے مریضوں کے لئے معلوماتی کتابچہ

## جوڑوں کے درد کی دوائی: NSAIDS

جوڑوں کے درد کے لئے بہت سے NSAIDS موجود ہیں جن میں ایسپرین، آئبوپروفین، نیپروکسن، انڈومیتھاسن، ڈکلوفینک، کیٹوپروفین شامل ہیں۔ NSAIDS کے لفظ کے معنی یہ ہیں کہ یہ دوائی درد کم کرتی ہے اور جوڑوں کی اکڑاہٹ کم کرتی ہے مگر اس دوائی میں STEROIDS استعمال نہیں ہوتے۔

### دوائی کیوں دی جارہی ہے؟

NSAIDS بہت کارآمد ہیں کیونکہ یہ درد اور اکڑاہٹ دونوں کم کرتی ہے۔ اس دوائی کا بیماری پر لمبے عرصہ کے لئے کوئی اثر نہیں۔ یہ عموماً عام درد کی دوائیوں کے ساتھ استعمال کئے جاتے ہیں۔

### کب اور کیسے دوائی استعمال کروں؟

یہ کھانے کے ساتھ اور کھانے کے فوراً بعد یا جیسے آپ کا ڈاکٹر بتائے استعمال کریں۔ ان گولیوں کے ساتھ آپ کو ایک گلاس پانی بھی پینا چاہیے۔ ان میں سے بعض دوائیاں دن میں ایک مرتبہ استعمال کی جاتی ہیں (خاص طور پر جو آہستہ اثر کرنے والی یعنی SLOW-RELEASE متواتر اثر کرنے والی SUSTAINED-RELEASE یا RETARD گولیاں شامل ہیں) دوسری گولیاں دو یا تین مرتبہ دن میں استعمال کی جاتی ہیں۔ عام طور پر یہ گولی یا کیپسول کی صورت میں استعمال کی جاتی ہے۔ البتہ بعض شربت (مائع) SUPPOSITORY یا کریم کی صورت میں بھی استعمال ہوتی ہے۔

### کتنی خوراک استعمال کرنی چاہیے؟

اس کے بارے میں آپ کو ڈاکٹر بتائے گا۔ عام طور پر کم خوراک کے ساتھ یہ دوائی شروع کی جاتی ہے اور پھر حسبِ ضرورت بڑھادی جاتی ہے۔

### یہ دوائی کتنی دیر میں اثر دکھاتی ہے؟

NSAIDS کچھ گھنٹوں میں اثر دکھاتے ہیں البتہ زیادہ سے زیادہ فائدہ دو ہفتوں تک محسوس ہوتا ہے۔

### مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

مضر اثرات میں بدہضمی، معدہ کی درد، معدہ کی جلن، RASH، سردرد، اور سانس کا پھولنا ہے۔ اگر آپ کو کوئی نئے اثرات مرتب ہوں تو دوائی بند کر دیں اور اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی نرس سے فوراً رابطہ کریں۔ NSAIDS اگر زیادہ عرصہ کے لئے استعمال کئے جائیں یا زیادہ خوراک استعمال کی جائے تو معدہ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں اور وہاں سے خون بھی نکل سکتا ہے۔ اس لئے انہیں احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے اور صرف تب جاری رکھیں اگر یہ فائدہ مند ہیں۔ اگر آپ کو پہلے بدہضمی یا معدہ کے السر کی شکایت ہے تو ان کو نہ استعمال کریں۔ اگر آپ کو ASTHMA ہے، یا HIGH BLOOD PRESSURE ہے گردہ کا کوئی مسئلہ ہے یا دِل کی بیماری ہے یا WARFARIN خون پتلا کرنے والی گولی لیتے ہیں تو اس کو استعمال کرنا دانشمندی نہیں۔ کچھ ڈاکٹر صاحبان اس کے مضر اثرات سے بچنے کے لئے کچھ اور دوائی جیسے PROTON-PUMP INHIBITORS ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ (جن میں LANSOPRAZOLE اور MISOPROSTIL یا کوئی اور شامل ہیں) اگر آپ COX-2-SPECIFIC NSAID استعمال کر رہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل معلومات پڑھیں۔

### COX-2-SPECIFIC NSAIDS کے مزید مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

COX-2-SPECIFIC NSAIDS دوائیوں کی وہ قسم ہے جو COX-2-SELECTIVE NSAIDS، COX-2 INHIBITORS، COXIBS, یا COX-2 کے ناموں سے جانی جاتی ہیں۔ ان میں روفیکوکسب (VIOXX)، سیلیکوکسب (CELEBREX)، ویلڈیکوکسب (BEXTRA)، اور ایٹوریکوکسب (ARCOXIA) شامل ہیں۔ ان کا کام عام NSAIDS کی طرح ہے مگر یہ مضر اثرات جیسے معدہ کی جلن، معدہ کا درد اور بدہضمی کم کرتے ہیں۔ البتہ حال ہی ہیں COX-2-SPECIFIC NSAIDS کا تعلق دِل کے دورہ اور فالج سے جوڑا گیا ہے۔ جس کی وجہ سے VIOXX اور BEXTRA نے اپنی دوائیاں خود ہی سیل کرنا بند کر دی ہیں۔ اگر آپ کو دِل کی بیماری ہے یا دِل کا دورہ پڑ چکا ہے تو COX-2-SPECIFIC NSAIDS نہ استعمال کریں۔ اگر آپ کو ہائی بلڈ پریشر کا مسئلہ ہے جو دوائیوں سے کنٹرول نہیں تو آپ ETORICOXIB نہ استعمال کریں۔ ڈاکٹر حضرات کو بھی یہ مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ لوگ جنہیں ہائی بلڈ پریشر، کولیسٹرول کا زیادہ ہونا، شوگر (ذیابیطس)، سگریٹ پینا یا کوئی ایسی بیماری جس سے دِل کے دورہ پڑنے کا خطرہ ہو اُن میں یہ دوائی نہ استعمال کی جائے۔ جن لوگوں میں استعمال کی بھی جائے وہ کم عرصے کے لئے اور کم سے کم خوراک استعماک کی جائے۔ اگر آپ کو مزید معلومات چاہیے یا دوائی کے بارے میں تشویش ہو تو ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

## اگر میں یہ دوائی استعمال کروں تو مجھے کوئی مخصوص ٹیسٹ کی ضرورت ہے؟

عام طور پر خون کے ٹیسٹ کی کوئی ضرورت نہیں تاہم بعض صورتوں میں یہ کروائے جا سکتے ہیں۔

## کیا میں دوسری دوائیاں ساتھ استعمال کر سکتا ہوں؟

کچھ دوائیاں جیسے WARFARIN کا استعمال شروع کرنے سے پہلے ڈاکٹر سے مشورہ ضرور کریں اور کوئی بھی نئی دوائی شروع کریں تو ڈاکٹر کو بتائیں کہ میں NSAIDS استعمال کر رہا ہوں۔

اگر آپ کو ایسپرین سے الرجی ہے تو NSAIDS نہ استعمال کریں۔ کچھ NSAIDS جیسے ایسپرین اور آئبوپروفین عام دستیاب ہیں۔ ایک سے زیادہ NSAIDS ایک ہی وقت میں استعمال کرنا عقلمندی نہیں۔ بازار میں عام دستیاب دوائیاں بھی استعمال کرنے سے پہلے اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے مشورہ ضرور کریں۔

## کیا میں شراب پی سکتا ہوں؟

جی ہاں مگر شراب اور NSAIDS دونوں معدہ خراب کرتے ہیں۔

## کیا یہ دوائی حمل (PREGNANCY) اور انسان کی افزائشِ نسل (FERTILITY) کی صلاحیت پر اثر انداز ہو سکتی ہے ؟

عام طور پر NSAIDS حمل کے دوران نہیں استعمال کئے جاتے۔ اگر آپ بچہ چاہتے ہیں یا اس دوائی کے استعمال کے دوران حمل ٹھہر جائے تو اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی نرس سے رابطہ کریں۔ حال ہی میں کچھ ریسرچ کے مطابق اگر NSAIDS حمل کے دوران استعمال کئے جائیں تو اُن سے بچہ ضائع ہونے (MISCARRIAGE) کا خطرہ ہوتا ہے PARACETAMOL کا یہ اثر نہیں ہے۔

## کیا میں بچے کو اپنا دودھ پلا سکتی ہوں؟

کچھ NSAIDS بچے کو دودھ پلانے کے دوران نہیں استعمال کرنے چاہیے۔ ڈاکٹر سے اس بارے میں مشورہ کریں۔

## مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو مزید معلومات چاہیے یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں

**تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں**